قارئین

افکار و تاثرات

جمال الدین افغانی سید عبد الجبار ستھانوی | آج مفتی عتیق الرحمٰن عثمانی کی مزاج پرسی کے لئے دفتر برہان گیا تو مئی کا الحق نظر افروز ہوا اس کے صفحہ ۳۹ پر خازن صاحب کے مضمون میں سید جمال الدین افغانی کے سلسلہ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ " افغانی مرحوم کا سلسلۂ نسب سید عبد الجبار استھانوی والئ امب سے جا ملتا ہے۔ اور یہ کہ سید عبد الجبار ہندوستان کی پہلی اسلامی تحریک کے روح رواں اور حضرت سید احمد بریلوی کے رفیق کار تھے۔" مجھے اس سے سخت حیرت ہوئی مجھے ذاتی طور پر معلوم ہے کہ سید عبد الجبار ستھانوی قادیانی تھے وہ غالباً تقسیم ہند تک حیدرآباد دکن میں بجرم قادیانیت جلاوطنی کی زندگی بسر کر رہے تھے۔ اب کہاں ہیں کہاں نہیں۔ اسی طرح کسی کتاب میں نہیں پڑھا کہ سید احمد بریلویؒ کے رفقاء کار میں کوئی سید عبد الجبار ستھانوی بھی ہوا کرتے تھے یا یہ درست ہے کہ کسی نہ کسی واسطہ سے ان کے خاندان سے تعلق ضرور تھا مگر ان کی زندگی میں وہ عدم میں تھے وجود میں ہرگز نہیں۔ اسی طرح سید عبد الجبار امب دربند کے والیوں میں نہیں تھے۔ مقالہ نگار وضاحت فرما سکیں تو بہتر ہوگا۔

خان غازی کابلی کوچہ رحمان دہلی ۶

جماعت مجاہدین | میں ہندوستان سے صرف ایک ہی جذبہ لایا ہوں اور جس کے لئے میں واپسی کے دو دن بعد سید احمد بریلویؒ اور شاہ اسماعیلؒ کی قائم کردہ جماعت۔ جماعت مجاہدین کے احیاء کا اعلان کیا ہے۔ اور چاہتا ہوں کہ اسے ملک بھر میں منظم کیا جائے اور یہ جماعت خالصتاً مذہبی حیثیت سے کام کرے گی۔ آپ اور سرحد کے غیور علماء اگر اسی سلسلہ میں میری تائید کریں تو یہ مدنی مکتب فکر پر بہت بڑا احسان ہوگا۔

احمد سعید لدھیانوی۔ جامعہ مدینہ گٹ والا چک ۱۹۹ ب ۔ ج شیخوپورہ روڈ

ٹی وی اور مسجد | جنگ ۱۸ جون کی اشاعت میں طارق عزیز کا یہ بیان کہ ٹی وی میرے لئے مسجد کا درجہ رکھتا ہے۔ شعائر اسلامی کی توہین اس سلسلہ میں احتجاج کی ضرورت ہے مسجد اللہ کے گھر کو بدنخبہ گری کا فن سکھانے والے ادارے سے ملانا شعائر اسلامی کی کھلی توہین ہے۔

محمد منصور الزمان صدیقی ٹرسٹ۔ کراچی